© rasailojaraid.com

# رسائل و مسائل

## غیبت کی حقیقت اور اس کے احکام

(ہمارے پاس چند طویل سوالنامے آئے ہوئے ہیں جن میں بعض اصحاب کے اعتراضات کا ذکر کرکے ان کا جواب مانگا گیا ہے۔ ہمارے لیے اُن معترضین کا حریف بننا تو مشکل ہے۔ لیکن جب ذاتی بغض و عناد کی بنا پر شرعی مسائل میں کھینچ تان کی جانے لگے تو اس کی اصلاح ناگزیر محسوس ہوتی ہے تاکہ عوام الناس اور متوسط تعلیم یافتہ لوگ ان مسائل کو سمجھنے میں غلطی نہ کر جائیں۔ اس لیے ہم ان سوال ناموں میں سے اصل بنیادی نکات بطور خلاصہ نکال کر صرف ان کا جواب دے رہے ہیں۔

آج کی صحبت میں صرف ان سوالات کا جواب دیا جا رہا ہے جو غیبت کے مسئلے سے متعلق ہیں۔ بقیہ سوالات آئندہ اشاعت میں درج کرکے ان کا جواب عرض کر دیا جائیگا)

**سوال۔** (۱) غیبت کی صحیح تعریف کیا ہے؟

(۲) غیبت کی یہ تعریف کہاں تک صحیح ہے:

"آدمی کسی کے پیٹھ پیچھے اس کی کسی واقعی برائی کا، اس کی تحقیر و تذلیل کی نیت سے چرچا کرے اور ساتھ ہی اس بات کا خواہش مند ہو کہ جس کی وہ برائی بیان کر رہا ہے اس کو اس کے اس فعل کی خبر نہ ہو۔"

واضح رہے کہ یہ تعریف اس دعوے کے ساتھ پیش کی گئی ہے کہ "حدیث میں حضور سے غیبت کی جو تعریف منقول ہے اس میں غایت درجہ اجمال ہے جس کے سبب سے ایک عام آدمی کو غیبت کے حدود متعین کرنے میں غلط فہمیاں پیش آسکتی ہیں" اور یہ کہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حضور کی بیان کردہ تعریف "غیبت" کی جامع و مانع منطقی تعریف "نہیں ہے۔

(۳) غیبت کی وہ کیا صورتیں ہیں جن کو شریعت میں جائز قرار دیا گیا ہے اور کیوں؟ ان کا جواز آیا اس بنیاد پر ہے کہ وہ سرے سے غیبت ہی نہیں ہیں، یا اس بنیاد پر کہ ضرورۃً ایک ناجائز چیز جائز کی گئی ہے؟

(۴) کیا یہ صحیح ہے کہ محدثین نے رواۃ کی جرح و تعدیل کا کام قرآن مجید کی اس آیت کے تحت کیا ہے: يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا؟

(۵) محدثین خود اپنے اس کام کے متعلق کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** پہلے سوال کا جواب یہ ہے کہ غیبت کی صحیح تعریف وہی ہے جو خود صاحبِ شریعت نے بیان فرمائی ہے۔ مسلم، ابوداؤد اور ترمذی میں حضرت ابوہریرہؓ سے وہ ان الفاظ میں منقول ہے:

| | |
|---|---|
| ذکرك اخاك بما یکرہ، قیل افرأیت ان کان فی اخی ما اقول، قال ان کان فیہ ما تقول فقد اغتبتہٗ وان لم یکن فیہ ما تقول فقد بھتہ | غیبت یہ ہے کہ تو اپنے بھائی کا ذکر ایسے طریقے سے کرے جو اس کو برا محسوس ہو۔ عرض کیا گیا کہ حضور کا کیا خیال ہے اگر میرے بھائی میں واقعی وہ برائی موجود ہو؟ فرمایا اگر اس میں وہ برائی ہو جس کا تو ذکر کر رہا ہے تو تو نے اس کی غیبت کی، اور اگر اس میں وہ برائی موجود نہیں ہے جس کا تو نے ذکر کیا ہے تو تو نے اس پر بہتان لگایا |

اسی مضمون کی ایک روایت امام مالکؒ نے مؤطا میں مُطّلب بن عبداللہ سے نقل کی ہے:

| | |
|---|---|
| ان رجلا سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما الغیبۃ فقال ان تذکر من المرء ما یکرہ ان | ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا غیبت کیا چیز ہے۔ فرمایا یہ کہ تو کسی شخص کا ذکر اس طرح کرے کہ اگر وہ سنے تو اُسے برا معلوم ہو؟[ہ] |

ہ کسی کو یہ غلط فہمی نہ ہو کہ اس میں "پیٹھ پیچھے" کا ذکر نہیں ہے اس لیے اس تعریف کی رو سے منہ در منہ برا کہنے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


يسمعه - قال يا رسول الله وان كان حقاً، اس نے عرض کیا یا رسول اللہ اگرچہ وہ بات حق ہو؟
قال اذا قلت باطلاً فذالك البهتان فرمایا اگر تو باطل کہے تو یہی بہتان ہے

اس ارشادِ نبوی کے اتباع میں اکابر اہلِ علم غیبت کا شرعی مفہوم یہی بتاتے ہیں کہ "وہ آدمی کی غیر موجودگی میں اس کا ذکر برائی کے ساتھ کرنا ہے۔"

امام غزالی کہتے ہیں: حد الغيبة ان تذكر اخاك بما يكرهه لو بلغه "غیبت کی تعریف یہ ہے کہ تم اپنے بھائی کا ذکر اس طرح کرو کہ اگر اسے بات پہنچ جائے تو اس کو ناگوار ہو۔"

ابن الاثیر نے حدیث کی مشہور لغت نہایہ میں اس کی تعریف یہ کی ہے: ان تذكر الانسان فی غيبته بسوء وان كان فيه "یہ کہ تم کسی شخص کا ذکر اس کے پیٹھ پیچھے برائی کے ساتھ کرو، اگرچہ وہ برائی اس میں ہو۔"

امام نووی اس کی تعریف یوں بیان کرتے ہیں: ذكر المرء بما يكرهه . . . سواء ذكرته باللفظ او بالاشارة والرمز "آدمی کا ذکر اس طرح کرنا کہ وہ اسے ناگوار ہو، خواہ یہ ذکر صراحۃً کیا جائے یا رمز و اشارہ میں۔"

راغب اصفہانی کہتے ہیں: هی ان يذكر الانسان عيب غيره من غير محوج الى ذكر ذالك "غیبت یہ ہے کہ آدمی کسی شخص کا عیب بیان کرے بغیر اس کے کہ اس ذکر کی کوئی حاجت ہو۔"

بدر الدین عینی شارح بخاری کہتے ہیں: الغيبة ان يتكلم خلف انسان بما يغمه لو سمعه وكان صدقاً اما اذا كان كذبا فيسمى بهتانا "غیبت یہ ہے کہ آدمی دوسرے شخص کے پیٹھ پیچھے اس کے متعلق ایسی بات کہے جسے اگر وہ سنے تو اسے رنج پہنچے اور بات وہ سچی ہو۔ ورنہ اگر بات جھوٹی بھی ہو تو اس کا نام بہتان ہے۔"

ابن التین کہتے ہیں: الغيبة ذكر المرء بما يكرهه بظهر الغيب "غیبت سے مراد ہے

---

ہو۔ پر بھی غیبت کا اطلاق ہوگا۔ دراصل لفظ غیبت میں خود پیٹھ پیچھے کا مفہوم موجود ہے، اس لیے جب غیبت کی تعریف کی حیثیت سے کوئی بات کہی جائے تو اس میں یہ مفہوم آپ سے آپ مقدر ہوگا خواہ اس کی صراحت ہو یا نہ ہو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

آدمی کے پیٹھ پیچھے اس کا ذکر اس طرح کرنا کہ اسے ناگوار ہو۔"

کرمانی کی بیان کردہ تعریف یہ ہے: الغیبۃ ان تتکلم خلف الانسان بما یکرھہ لو سمعہ ولو کان صدقاً "غیبت یہ ہے کہ تم آدمی کے پیٹھ پیچھے اس کے متعلق ایسی بات کہو جسے اگر وہ سن لے تو اسے برا محسوس ہو، اگرچہ بات سچی ہو۔"

ابن حجرؒ غیبت اور نمیمہ (چغلی) کے متعلق کہتے ہیں: الغیبۃ توجد فی بعض صور النمیمۃ وھو ان یذکرہ فی غیبتہ بما فیہ مما یسوءہ قاصداً بذالک الافساد "غیبت چغلی کی بھی بعض صورتوں میں موجود ہوتی ہے اور وہ یہ ہے کہ آدمی کسی کا واقعی عیب اس کے پیٹھ پیچھے بیان کرتا ہے جو اس کے لیے موجبِ رنج ہوتا ہے، اور اس بیان سے اس کی غرض فساد ڈلوانا ہوتی ہے۔"

ان ائمۂ لغت و حدیث و فقہ میں سے کسی نے بھی یہ جسارت نہیں کی ہے کہ ایک امرِ شرعی کی جو تعریف صاحبِ شریعت نے خود بیان کر دی تھی اس کو ناقص ٹھیرا کر جواب میں اپنی ایک تعریف پیش کرتا۔ درحقیقت شارع سے بڑھ کر کسی کو بھی یہ حق نہیں پہنچتا کہ شریعت کی کسی اصطلاح کا مفہوم بیان کرے۔ اور جبکہ شارع نے ایک واضح سوال کا بالکل واضح الفاظ میں جواب دے دیا ہے تو ایک مسلمان کی حیثیت سے ہمیں یہی ماننا چاہیے کہ اس کا حقیقی مفہوم وہی ہے۔ مسلمان تو درکنار، ایک غیر مسلم بھی، اگر وہ کوئی معقول آدمی ہے، یہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتا کہ شریعت کی ایک اصطلاح کا صحیح مفہوم وہ نہیں ہے جو صاحبِ شریعت نے بیان کیا ہے بلکہ وہ ہے جو میں بیان کرتا ہوں۔ یہ ایسی ہی غیر معقول بات ہے جیسے ایک مجلس قانون ساز اپنے وضع کردہ قانون کی کسی اصطلاح کا مفہوم خود متعین کر دے اور کوئی صاحب اپنی قانون دانی کے زعم میں فرمائیں کہ قانونِ مذکور میں اس چیز کی اصل تعریف وہ نہیں ہے جو لیجسلیچر نے بیان کی ہے بلکہ یہ ہے جو میں عرض کرتا ہوں۔

دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ غیبت کی جو تعریف آپ نے نقل کی ہے وہ نہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جامع ہے نہ مانع۔ اس میں بعض ایسی غیبتیں داخل ہو جاتی ہیں جو بالاتفاق مباح ہیں، اور بعض ایسی غیبتیں اس سے خارج ہو جاتی ہیں جو بالاتفاق حرام ہیں۔ مثال کے طور پر دیکھیے۔ ایک شخص کسی کے ہاں نکاح کا پیغام دیتا ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ یہ ایک بدخو، بدکردار آدمی ہے۔ آپ لڑکی کے باپ سے جاکر کہتے ہیں کہ یہ شخص ایسا اور ایسا ہے۔ آپ کی نیت یہ ہوتی ہے کہ وہ اس شخص کو برا آدمی جان کر اپنی دامادی کے قابل نہ سمجھے۔ اور ساتھ ہی آپ لڑکی کے باپ سے بتاکید یہ بھی کہہ دیتے ہیں کہ دیکھنا، اس شخص کو خبر نہ ہو کہ میں نے اس کے حالات آپ کو بتائے ہیں۔ یہ چیز اگرچہ بربنائے ضرورت شریعت میں مباح کی گئی ہے لیکن یہ پوری طرح "غیبت محرمہ فی الشرع" کی اس تعریف میں آجاتی ہے جو آپ نے نقل فرمائی ہے کیونکہ اس میں تحقیر کا ارادہ اور اخفاء دونوں موجود ہیں۔ دوسری طرف ایک ایسا شخص ہے جو محض لذتِ کلام اور لطیفہ گوئی کی خاطر اپنے یار دوستوں میں بیٹھ کر بعض لوگوں کے عیوب بیان کرتا ہے۔ اس کی نیت ان کی تحقیر کی نہیں ہوتی (چاہے وہ لوگ حقیقت میں سننے والوں کی نگاہ سے گر ہی کیوں نہ جائیں)، اور اسے اس بات کی بھی پروا نہیں ہوتی کہ اُن لوگوں کو اس کی یہ باتیں پہنچ جائیں۔ یہ چیز شریعت میں بلاشبہ حرام ہے، لیکن یہ غیبتِ حرام کی اس تعریف سے خارج رہتی ہے، کیونکہ اس میں نہ تحقیر کی نیت موجود ہے نہ اخفا کی خواہش و کوشش۔

یہی نہیں، جس چیز کو خود شارع نے بصراحت غیبتِ حرام قرار دیا ہے وہ بھی اس تعریف کے حدود سے خارج ہو جاتی ہے۔ حدیث میں آتا ہے کہ ماعز بن مالک اسلمی کو زنا کے جرم میں جب رجم کر دیا گیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے راہ چلتے دو صاحبوں کو ایک دوسرے سے باتیں کرتے سنا۔ ان میں سے ایک صاحب کہہ رہے تھے کہ "اس شخص کو دیکھو، اللہ نے اس کا پردہ ڈھانک دیا تھا، مگر اس کے نفس نے اس کا پیچھا اس وقت تک نہ چھوڑا جب تک یہ کتے کی موت نہ مار دیا گیا" کچھ دور آگے جاکر راستہ میں ایک گدھے کی لاش سڑتی ہوئی نظر آئی۔ حضورؐ رک گئے اور ان دونوں اصحاب کو بلا کر فرمایا "اُتریئے اور اس گدھے کی لاش تناول فرمائیے"

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

انہوں نے عرض کیا، یا رسول اللہ اسے کون کھائے گا؟ فرمایا فما نلتما من عرض اخیکما آنفاً اشد من اکل منہ "ابھی ابھی آپ لوگ اپنے بھائی کی عزت پر جو حرف زنی کر رہے تھے وہ اس گدھے کی لاش کھانے سے بہت زیادہ بُری تھی (ابوداؤد، کتاب الحدود، باب رجم ماعز)

اس واقعہ میں صاحبِ شریعت علیہ السلام نے خود حرمت کی صراحت فرمائی ہے، حالانکہ اس میں سے غیبتِ محرمہ کی وہ دونوں شرطیں غائب ہیں جو مذکورہ بالا تعریف میں بیان ہوئی ہیں۔ دونوں صاحبوں کی جو گفتگو روایت میں منقول ہوئی ہے اس کے الفاظ سے صاف ظاہر ہے کہ ان کی نیت حضرت ماعز کی تحقیر و تذلیل کی نہ تھی بلکہ وہ اس بات پر اظہارِ افسوس کرنا چاہتے تھے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ان کے جرم پر پردہ ڈال دیا تھا تو انہوں نے کیوں بار بار اصرار کر کے اقرارِ جرم کیا اور رجم کی ہولناک سزا میں جان دی۔ رہی اخفاء کی خواہش و کوشش، تو اس کا یہاں سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، کیونکہ جس شخص کا ذکر کیا جا رہا تھا وہ دنیا سے رخصت ہو چکا تھا۔

تیسرے سوال کا جواب دینے سے پہلے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ ایک بات اچھی طرح آپ کے ذہن نشین ہو جائے۔ شریعت میں جو چیزیں حرام و ممنوع کی گئی ہیں وہ اگر کسی حالت میں جائز ہوتی ہیں تو اس بنا پر نہیں کہ ان کی حقیقت میں کوئی تغیر ہو جاتا ہے، بلکہ اس بنا پر کہ ایک عظیم تر مصلحت و ضرورت ان کے جواز کا تقاضا کرتی ہے۔ وہ مصلحت و ضرورت داعی نہ ہوتی تو وہ حرام ہی رہتیں۔ جب تک اور جس حد تک اس مصلحت و ضرورت کا تقاضا رہتا ہے اس وقت تک اور اسی حد تک وہ جائز ہوتی اور جائز رہتی ہیں۔ اس کے مرتفع ہوتے ہی ان اشیاء کی حرمت اپنی جگہ واپس آجاتی ہے۔ مثال کے طور پر مُردار، خون، سور، شراب اور ما اُھل لغیر اللہ بہ کو اللہ نے حرام کیا ہے۔ انسانی جان بچانے کے لیے اگر ان میں سے کسی کو عارضی طور پر مباح کیا جاتا ہے تو اس بنا پر نہیں کہ اس وقت مردار مردار نہیں رہتا، یا خون غیر خون ہو جاتا ہے، یا سور بکرا ہو جاتا ہے۔ اس اباحت کی وجہ صرف یہ ہوتی ہے کہ انسانی جان کی ہلاکت اِن حرام چیزوں کے استعمال سے زیادہ بڑی برائی ہے اس برائی سے بچنے کے لیے جس وقت جس حد تک ان کا استعمال

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ناگزیر ہو جاتا ہے اُسی وقت اور اُسی حد تک ان کو کھا لینا مباح کر دیا جاتا ہے۔ مگر ان کی حرمت برابر یہ تقاضا کرتی رہتی ہے کہ حدِ ضرورت سے ذرّہ برابر تجاوز نہ کیا جائے۔

اس اصولی حقیقت کو نگاہ میں رکھ کر اب اپنے تیسرے مسئلے پر غور کیجیے۔ صاحبِ شریعت کی بیان کردہ تعریف کی رُو سے کسی شخص کی غیر موجودگی میں اس کا ذکر برائی کے ساتھ کرنا بجائے خود ایک بُرا کام ہے اور شرعاً ایک گناہ۔ یہ بدی اگر کسی وقت جائز یا نیکی یا کارِ ثواب ہو سکتی ہے تو صرف اس بنا پر کہ ایک حقیقی ضرورت اس کے لیے داعی ہو، ایسی ضرورت جسے پورا نہ کرنے سے غیبت کی قباحت سے بڑی قباحت لازم آتی ہو۔ ایسی حالت میں اس کے جواز کی وجہ یہ نہیں ہے کہ وہ سرے سے غیبت ہی نہیں ہے، یا وہ اصلاً حرام نہیں رہی ہے، بلکہ اس کی وجہ صرف عملی زندگی کی وہ ضروریات ہیں جو شریعت کی نگاہ میں عظیم تر قدر رکھتی ہیں۔ ان ضروریات میں سے کوئی ضرورت داعی نہ ہو تو بیٹھے بٹھائے بدگوئی کوئی بھلا کام نہیں ہے کہ شریعت اسے بلا ضرورت مباحِ مطلق بنا کر رکھے۔

غیبت کی حرمت سے جو چیزیں مستثنیٰ ہیں ان کی اوّلین بنیاد صاحبِ شریعت کا یہ اصولی ارشاد ہے:

| | |
|---|---|
| عن سعید بن زید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم، قال ان من اربی الربا الاستطالۃ فی عرض المسلم بغیر حق | سعید بن زید نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ بدترین زیادتی مسلمان کی عزت پر حرف زنی کرنا ہے بغیر حق کے۔ |

(ابو داؤد، کتاب الادب)

یہ "بغیر حق کے" کی قید اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ بربنائے حق ایسا کرنا جائز ہے۔ پھر اس حق کی تشریح حضورؐ کی سنت کے بعض نظائر اس طرح کرتے ہیں:

ایک اعرابی آکر حضورؐ کے پیچھے نماز میں شریک ہوا اور نماز ختم ہوتے ہی یہ کہتا ہوا چل دیا کہ "خدایا مجھ پر رحم کر اور محمدؐ پر، اور ہم دونوں کے سوا کسی کو اس رحمت میں شریک نہ کر۔" حضورؐ نے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

صحابہ سے فرمایا: أتقولون هو أضل أم بعيره، ألم تسمعوا إلى ما قال؟ "تم لوگ کیا کہتے ہو، یہ شخص زیادہ نادان ہے یا اس کا اونٹ؟ تم نے سنا نہیں یہ کیا کہہ رہا تھا۔" (ابوداؤد)

حضورؐ حضرت عائشہؓ کے ہاں تھے کہ ایک شخص نے آکر ملاقات کی اجازت طلب کی۔ حضورؐ نے فرمایا یہ اپنے قبیلے کا بہت بُرا آدمی ہے۔ پھر آپ باہر تشریف لے گئے اور اس سے بڑی نرمی کے ساتھ بات کی۔ گھر میں جب واپس تشریف لائے تو حضرت عائشہؓ نے عرض کیا آپ تو اس سے بڑی نرمی کے ساتھ بات کی حالانکہ جاتے وقت آپ نے اس کے متعلق وہ کچھ کہا تھا۔ فرمایا ان شر الناس منزلة عند الله يوم القيامة من ودعه او تركه الناس اتقاء فحشه "خدا کے نزدیک قیامت کے روز بدترین مقام اس شخص کا ہوگا جس کی بدزبانی سے ڈر کر لوگ اس سے ملنا جلنا چھوڑ دیں۔" (بخاری و مسلم)

فاطمہ بنت قیس کی روایت ہے کہ حضرت معاویہ اور ابوالجہم نے ان کو نکاح کا پیغام دیا۔ انہوں نے حضورؐ سے رائے پوچھی۔ فرمایا اما معاویة فصعلوك لا مال له اما ابوالجهم فضراب للنساء "معاویہ مفلس ہیں اور ابوالجہم بیویوں کو بہت مارا کرتے ہیں۔" (بخاری و مسلم)

ابوسفیان کی بیوی ہند نے آکر حضورؐ سے عرض کیا کہ ابوسفیان بخیل آدمی ہیں مجھے اور میری اولاد کو اتنا نہیں دیتے جو ضروریات کے لیے کافی ہو۔ (بخاری و مسلم)

اس طرح کی نظیروں سے فقہاء و محدثین نے یہ قاعدہ اخذ کیا ہے کہ جس "حق" کی بنا پر آدمی کی برائی کرنا جائز ہے اس سے مراد وہ حقیقی ضروریات ہیں جن کے لیے ایسا کرنے کے سوا چارہ نہ ہو۔ پھر اس قاعدے کی بنا پر وہ تعیّن کے ساتھ چند صورتیں بیان کرتے ہیں کہ ان میں غیبت کی جا سکتی ہے یا کرنی چاہیے۔ علامہ ابن حجر اپنی شرح بخاری میں ان صورتوں کو یوں بیان فرماتے ہیں:

"علماء کہتے ہیں کہ غیبت ہر اس غرض کے لیے مباح ہے جو شرعاً صحیح ہو جبکہ اس غرض کے حصول کا راستہ صرف یہی ہو۔ مثلاً ظلم کے خلاف استغاثہ، کسی برائی کو دُور کرنے کے لیے مدد طلب کرنا، کسی شرعی مسئلہ میں استفتاء، حصولِ انصاف کے لیے عدالت سے رجوع

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کسی کے شر سے لوگوں کو خبردار کرنا اور اسی میں حدیث کے راویوں کی پردہ دری اور گواہوں پر جرح بھی آجاتی ہے، کسی حاکم عام کو اس کے کسی ماتحت افسر کی بری سیرت سے آگاہ کرنا، نکاح اور معاملات میں مشورہ طلب کرنے والے کو صحیح حال بتانا، کسی متقی کو کسی مبتدع اور فاسق کے پاس آتے جاتے دیکھ کر اس کی بُری سیرت سے خبردار کرنا۔ اس کے علاوہ جن لوگوں کی غیبت جائز ہے وہ، وہ لوگ ہیں جو علانیہ فسق، ظلم اور بدعات کا ارتکاب کرتے ہوں۔[1]"

امام نووی نے شرح مسلم اور ریاض الصالحین میں اس مضمون کو اور زیادہ کھول کر بیان کیا ہے:

"غیبت کسی ایسی غرض کے لیے مباح ہے جو شرعاً صحیح ہو اور جس کا پورا ہونا اس غیبت کے بغیر ممکن نہ ہو۔ اس نوعیت کی چھ اغراض ہیں جو علماء نے بیان کی ہیں۔ ان میں سے اکثر پر اجماع ہے اور ان کے دلائل مشہور احادیث سے ماخوذ ہیں:

(۱) ظلم پر فریاد۔ مظلوم کے لیے جائز ہے کہ سلطان، قاضی، یا جو بھی ظالم سے اس کو انصاف دلوانے کی قدرت رکھتا ہو اس کے پاس فریاد لے کر جائے اور کہے کہ فلاں شخص نے مجھ پر یہ زیادتی کی ہے۔

(۲) کسی برائی کو دور کرنے یا کسی عاصی کو راہِ راست پر لانے کے لیے کسی ایسے شخص سے مدد طلب کرنا جس سے امید ہو کہ وہ اسے روک سکتا ہے۔ اس غرض کے لیے آدمی اس سے کہہ سکتا ہے کہ فلاں شخص ایسا اور ایسا کرتا ہے اسے روکیے۔ اس سے مقصود ازالۂ منکر ہونا چاہیے، ورنہ یہی فعل حرام ہے۔

(۳) استفتاء۔ مثلاً کوئی مفتی سے کہے کہ فلاں شخص نے میرے ساتھ یہ زیادتی کی ہے، یا میرا باپ یا بھائی یا شوہر ایسا اور ایسا ہے، میرے لیے خلاص کی کیا راہ ہے۔ اگرچہ اس معاملہ میں بہتر یہ ہے کہ شخص کا تعین کیے بغیر پوچھا جائے کہ ایسے شخص

---

[1] فتح الباری جلد ۱۰ ص ۳۶۲

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے بارے میں کیا فتویٰ ہے جو یہ اور یہ کرتا ہو۔ لیکن تعیّنِ شخص کے ساتھ بھی سوال کیا جاسکتا ہے جس طرح ابو سفیان کے متعلق ہند نے سوال کیا تھا۔

(۴) مسلمانوں کو شر سے خبردار کرنا۔ اس کی کئی صورتیں ہیں۔ مثلاً مجروح راویوں پر، گواہوں پر اور مصنفین پر جرح۔ یہ بالاجماع جائز ہے بلکہ شریعت کو تحریف سے بچانے کی خاطر واجب ہے۔ اسی قبیل سے یہ بات ہے کہ کوئی شخص کسی سے شادی بیاہ کا رشتہ یا شرکت کا معاملہ کر رہا ہو یا کسی کے پاس امانت رکھوانا چاہتا ہو یا کسی کے پڑوس میں مکان لینا چاہتا ہو اور کسی سے اس کے متعلق مشورہ کرے اس صورت میں مشاور کے لیے واجب ہے کہ خیر خواہی کی بنا پر اس شخص کا جو عیب اسے معلوم ہو وہ اسے بتا دے۔ اسی قبیل سے یہ ہے کہ تم کسی متعلم فقہ کو دیکھو کہ وہ کسی فاسق یا مبتدع کے پاس علم حاصل کرنے کے لیے جا رہا ہے اور تم کو اندیشہ ہو کہ وہ اس کے لیے نقصان دہ ہوگا تو تمہارے لیے لازم ہے کہ نصیحت کے ارادہ سے اس کو خبردار کر دو۔ اسی طرح اگر کوئی حاکم نااہل یا فاسق ہو تو تم اس کے حاکم اعلیٰ سے اس کی حالت بیان کر سکتے ہو تاکہ وہ اس سے دھوکا نہ کھائے اور اپنا انتظام درست کرے۔

(۵) کوئی شخص علانیہ فسق اور بدعت کا مرتکب ہو، شراب نوشی کرے یا لوگوں کے مال ناروا طریقوں سے وصول کرے یا باطل کاموں پر کمربستہ ہو تو جائز ہے کہ علانیہ اس کی برائی کی جائے۔

(۶) کوئی شخص لنگڑے، یا ٹھنگنے یا نابینا یا ایسے ہی دوسرے القاب سے معروف ہو تو یہ القاب اس کے لیے بغرض تعریف استعمال کرنے جائز ہیں نہ بغرض تنقیص اور اگر اس کا ذکر اس کے بغیر ممکن ہو جس سے لوگ جان سکیں کہ تم کس کا ذکر کرنا چاہتے ہو تو پھر ان القاب سے اجتناب بہتر ہے[1]۔"

---

[1] شرح مسلم، باب تحریم الغیبۃ۔ ریاض الصالحین، باب ما یباح من الغیبۃ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ان دونوں بزرگوں کے بیانات سے دو باتیں ظاہر ہیں۔ ایک یہ کہ غیبت کی جن صورتوں کو جائز یا واجب کہا گیا ہے ان کے جواز یا وجوب کی وجہ یہ نہیں ہے کہ وہ سرے سے غیبت ہی نہیں ہیں، بلکہ اس کی وجہ صحیح شرعی اغراض اور ضروریات ہیں جن کی خاطر ایک فی الاصل حرام چیز تابحدِ ضرورت جائز یا واجب قرار دی گئی ہے۔ دوسرے یہ کہ سنت سے جو نظائر ثابت ہیں علمائے اسلام نے اس حرام چیز کے جواز کو انہی کی حد تک محدود نہیں رکھا ہے بلکہ ان سے چند اصولِ عامہ اخذ کر کے متعدد ایسی عملی ضرورتوں کے لیے اس کے جواز اور وجوب کا فتویٰ دیا ہے جن کی نظیر سنت میں نہیں ہے۔

اب چوتھے سوال کو لیجیے جس آیت کے متعلق کہا جاتا ہے کہ محدثین نے جرح و تعدیل کا سارا کام اسی کی بنیاد پر کیا ہے، اس کے الفاظ یہ ہیں:

| | |
|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ (الحجرات ، آیت ۶) | اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو تحقیق کر لو کہ خبر صحیح ہے یا نہیں، کہیں ایسا نہ ہو کہ ناواقفیت کی بنا پر تم کسی گروہ کو گزند پہنچا دو اور پھر اپنے کیے پر پچھتاؤ۔ |

اس آیت کا مفاد یہ ہے کہ "جب کوئی فاسق آدمی خبر لائے تو اس پر کوئی کارروائی کرنے سے پہلے اس خبر کی تحقیق کرو کہ وہ صحیح ہے یا نہیں" حالانکہ محدثین نے جرح و تعدیل کا جو کام کیا ہے وہ یہ ہے کہ "جب کوئی شخص تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو خود اُس شخص کی سیرت و کردار کا جائزہ لو۔ اور اگر وہ بدکردار ہو تو نہ صرف اس کی خبر کو رد کر دو بلکہ عام لوگوں میں اشتہار دے دو کہ یہ شخص بدکردار ہے، اس کی لائی ہوئی خبر نہ ماننا"۔

ان دونوں باتوں کو آمنے سامنے رکھ کر دیکھیے، کیا آپ کی عقل یہی کہتی ہے کہ یہ مؤخر الذکر بات اس پہلی بات کے ٹھیک مطابق ہے اور اس کا کوئی حصہ اس سے متجاوز نہیں ہے؟

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


دراصل یہ استدلال کرتے وقت اس بات کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی گئی کہ راویوں کی جرح و تعدیل میں محدثین کے کام کی نوعیت کیا تھی۔ اس کام کا ایک حصہ یہ تھا کہ جو لوگ جھوٹے، یا بدعقیدہ یا کسی حیثیت سے ساقط الاعتبار ہوں ان کی لائی ہوئی خبر تسلیم نہ کی جائے۔ دوسرا حصہ یہ تھا کہ عام لوگوں اور خصوصیت کے ساتھ متعلمین حدیث کو ایسے راویوں سے خبردار کر دیا جائے اور کتابوں میں ان کے عیوب ثبت کر دیئے جائیں تاکہ آئندہ نسلیں بھی ان سے خبردار رہیں۔ مذکورہ بالا آیت اور دوسری متعدد نصوص صرف پہلے حصے کی حد تک دلیل فراہم کرتی ہیں، چنانچہ امام مسلم نے مقدمہ صحیح مسلم میں اسی حصے کے حق میں ان سے استدلال کیا ہے۔ رہا دوسرا حصہ تو خاص اس کے حق میں کوئی نص نہیں ہے، بلکہ اس کو غیبت مانتے ہوئے اس کے جواز اور وجوب کے حق میں تمام محدثین نے یہی استدلال کیا ہے کہ اگر یہ کام نہ کیا جائے تو جھوٹے اور مبتدع اور ضعیف راویوں کی غلط روایات سے مسلمانوں کے دین کو نہیں بچایا جا سکتا۔ اس معاملہ میں امام نووی اور ابن حجر کے بیانات آپ ابھی اوپر دیکھ چکے ہیں۔ مزید تفصیل آگے آتی ہے۔

پانچویں سوال کا جواب یہ ہے کہ محدثین میں سے کسی نے بھی اپنے کام کے دوسرے حصے کے متعلق نہ تو یہ کہا ہے کہ یہ غیبت نہیں ہے اور نہ یہ دلیل پیش کی ہے کہ ہمارے اس کام کا حکم فلاں آیت یا فلاں حدیث میں دیا گیا ہے۔ بلکہ وہ کہتے ہیں کہ دین کو تحریف سے بچانے اور عام مسلمانوں کو ناقابلِ اعتبار راویوں کے شر سے محفوظ کرنے کے لیے اس غیبت کا ارتکاب جائز بلکہ واجب ہے۔ جس زمانہ میں جرح و تعدیل کا کام شروع ہوا ہے اس وقت بڑے زور شور سے یہ سوال اٹھا تھا کہ یہ غیبت ہے جو زندہ اور مرے ہوئے لوگوں کی کی جا رہی ہے۔ اس پر ائمہ جرح و تعدیل نے اپنی پوزیشن صاف کرنے کے لیے خود جو کچھ کہا تھا وہ ملاحظہ فرمایئے:

محمد بن بندار کہتے ہیں، میں نے امام احمد بن حنبل سے کہا مجھے یہ بیان کرتے ہوئے بڑا ڈر لگتا ہے کہ فلاں راوی ضعیف ہے اور فلاں کذاب ہے۔ امام نے کہا اذا سکت انت و سکت انا فمتی یعرف الجاہل الصحیح من السقیم؟ اگر تم بھی چپ رہو اور میں بھی چپ رہوں تو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ناواقف آدمی کیسے صحیح اور غلط احادیث میں تمیز کرے؟

عبداللہ بن احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ میرے والد احادیث اور رجال پر کلام کرتے ہوئے فرما رہے تھے فلاں ضعیف ہے اور فلاں ثقہ۔ ابو تراب نخشبی نے کہا یا شیخ، علماء کی غیبت تو نہ کرو۔ اس پر میرے والد نے کہا "میں خیر خواہی کر رہا ہوں، غیبت نہیں کر رہا ہوں"

عبداللہ بن مبارک نے ایک راوی کے متعلق کہا وہ جھوٹی حدیثیں بیان کرتا ہے۔ ایک صوفی نے اعتراض کیا یہ آپ غیبت کر رہے ہیں۔ ابن مبارک نے جواب دیا اسکت، اذالم نبین کیف یعرف الحق من الباطل "خاموش رہو، اگر ہم یہ باتیں نہ کھولیں تو حق اور باطل میں تمیز کیسے ہو"

یحییٰ بن سعید القطان سے کہا گیا آپ کو ڈر نہیں لگتا کہ جن لوگوں کے عیوب آپ بیان کر رہے ہیں وہ قیامت کے روز آپ کا دامن پکڑیں گے۔ انہوں نے جواب دیا ان کا دامن پکڑنا میرے لیے اس سے ہلکی بات ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم وہاں میرا دامن پکڑیں اور فرمائیں تو نے وہ حدیث میری طرف کیوں منسوب ہونے دی جسے تو جانتا تھا کہ وہ جھوٹی ہے

شعبہ بن الحجاج سے کہا گیا کہ تم نے کچھ لوگوں پر جرح کر کے ان کو رسوا کر دیا ہے اچھا ہوتا کہ تم اس سے باز رہتے۔ انہوں نے کہا مجھے آج کی رات مہلت دو تاکہ میں اپنے اور اپنے خالق کے درمیان اس پر غور کروں کہ آیا یہ کام چھوڑ دینا میرے لیے جائز ہے۔ دوسرے روز وہ نکلے اور کہا قد نظرت بینی وبین خالقی فلا یسعنی دون ان ابین امورھم للناس وللاسلام "میں نے اپنے اور اپنے خالق کے درمیان اس پر غور کیا۔ میرے لیے اس کے سوا چارہ نہیں کہ لوگوں کی بھلائی کے لیے اور اسلام کی خاطر ان راویوں کے حالات کھول دوں۔"

عبدالرحمٰن بن مہدی کہتے ہیں میں اور شعبہ راستے سے گزر رہے تھے کہ دیکھا ایک شخص حدیث بیان کر رہا ہے۔ شعبہ نے کہا کذب واللہ، لولا انہ لا یحل لی ان اسکت عنہ لسکتُ "خدا کی قسم یہ جھوٹ کہہ رہا ہے۔ میرے لیے اس پر خاموش رہنا حلال

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نہیں ہے، ورنہ میں خاموش رہتا۔"

انہی شعبہ کے متعدد شاگرد کہتے ہیں کہ وہ راویوں پر جرح کو "راہ خدا میں غیبت" یا "خدا کی خاطر غیبت" کہتے تھے۔ سفیان بن عُیَیْنَہ کا بیان ہے کہ شعبہ کہا کرتے تھے تعالوا حتی نغتاب فی اللہ عز وجل "آؤ ذرا اللہ عزوجل کی خاطر کچھ غیبت کریں۔" ابو زید انصاری کہتے ہیں ایک روز ہم شعبہ کے پاس حاضر ہوئے تو وہ بولے "آج حدیث بیان کرنے کا دن نہیں ہے، آج غیبت کا دن ہے، آؤ ذرا جھوٹوں کی غیبت کریں۔"[1]

امام مسلم نے اپنی صحیح کے مقدمہ میں جرح و تعدیل کے اس کام کی حمایت کرتے ہوئے لکھا ہے:

"اہلِ علم نے جس بنا پر راویانِ حدیث اور ناقلینِ اخبار کے عیوب کھولنے کی ذمہ داری اپنے اوپر لی اور پوچھنے والوں کو اس فعل کے جواز کا فتویٰ دیا وہ یہ تھی کہ اس کے نہ کرنے میں بڑا خطرہ تھا۔ کیونکہ دینی معاملہ میں جتنی خبریں آتی تھیں وہ کسی چیز کو حلال اور کسی کو حرام کرتی تھیں، کسی چیز کا حکم دیتی اور کسی کو منع کرتی تھیں، کسی چیز کی ترغیب دلاتی اور کسی سے ڈراتی تھیں۔ اب اگر کسی خبر کا راوی معدنِ صدق و امانت نہ ہو، پھر کوئی شخص جو اس آدمی کو جانتا ہو اس کی روایت تو نقل کر دے مگر اس کا عیب ان لوگوں کو نہ بتائے جو اسے نہیں جانتے تو وہ اپنی اس خاموشی میں گناہ گار اور عامۂ مسلمین کو دھوکا دینے والا ہوگا۔ اس صورت میں اس امر کا سخت اندیشہ ہے کہ ان خبروں کو سننے والا کوئی شخص ان پر عمل کر بیٹھے درآنحالیکہ ان میں سے بعض یا اکثر جھوٹی اور بے اصل خبریں ہوں۔"

یہ ہے اس جلیل القدر محدث کا استدلال راویوں کے معائب کی پردہ دری کے حق میں۔ اور اس کی شرح میں امام نووی جو کچھ لکھتے ہیں وہ یہ ہے:

"جان لو کہ راویوں پر جرح کرنا بالاتفاق جائز بلکہ واجب ہے کیونکہ شریعت مکرمہ کو

[1] یہ تمام واقعات اور اقوال خطیب بغدادی نے الکفایہ فی علم الروایہ میں نقل کیے ہیں۔ ملاحظہ ہو صفحہ ۴۳ تا ۴۶۔

© rasailojaraid.com